فوری ریلیز کے لیے: 7/3/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر KATHY HOCHUL کی جانب سے بیان

آج، ہماری ریاست میجر Sorffly Davius (سورفلائی ڈیویوس) کے انتقال کا سوگ منا رہی ہے جو 6 مارچ کو کویت کے کیمپ بیورنگ (Camp Buehring) میں اپنی خدمت انجام دینے کے دوران وفات پا گئے تھے۔ میجر Davius (ڈیویوس) ہر لحاظ سے ایک "شہری فوجی" تھے۔ وہ NYPD کے ایک بہترین افسر بھی تھے اور تمغہ حاصل کرنے والے سابق فوجی بھی، اور انہوں اپنا پورا کیریئر دوسروں کی حفاظت کرتے ہوئے گزارا۔ اپنی بیرون ملک تعیناتی سے قبل انہوں نے جوائنٹ ٹاسک فورس ایمپائر شیلڈ (Joint Task Force Empire Shield) میں شاندار خدمات انجام دیں، جو ریاست کے سب سے اہم اور حساس ترین مقامات کا خطرات سے دفاع کرتے ہیں۔

ان کی زندگی ہماری نیشنل گارڈ (National Guard) کے ارکان کی غیر معمولی قربانیوں کی ایک طاقتور یاد دہانی ہے جو شہریوں، اولین امدادی کارکنان، اور فوجیوں کی حیثیت میں اپنی گوناگوں ذمہ داریوں کو متوازن کرتے ہیں۔ میجر Davius (ڈیویوس) ایک محبت کرنے والے شوہر اور شفیق باپ تھے۔ میں نے ان کی بیوی کے پاس جا کر اپنی دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور میں انکے اہل خانہ، دوست احباب، اور ان سب افراد کو جو انہیں قریب سے جانتے تھے ہمیشہ اپنے خیالات میں یاد رکھوں گی۔ ہم اپنے ہر فوجی جوان اور اولین امدادی کارکن کی حفاظت کے لیے مسلسل دعائیں کرتے ہیں جنہوں نے ہمیں ہمارے گھروں اور بیرون ملک محفوظ رکھا ہوا ہے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں